۱۰۔ مقالہ کے آخر میں خلاصہ تحقیق پیش کیا گیا اور مصادر و مراجع کی فہرست کو حروف تہجی کے اعتبار سے تحریر کیا گیا ہے۔

منصوبہ تحقیق

مقالہ ہذا میں ابن عاشور کے تفسیری مقدمات کا تجزیاتی مطالعہ کیا گیا جس کی تفصیل درج زیل ہے:

باب اول میں علامہ ابن عاشور کے آثار و احوال کا مطالعہ کیا گیا ہے۔ اس میں تین فصول قائم کی گئی ہیں۔ پہلی فصل میں ابن عاشور کے حالات زندگی کو بیان کیا گیا ہے اور دوسری فصل میں ابن عاشور کی علمی و تصنیفی خدمات کا اجمالی تعارف کا بیان ہے جبکہ تیسری فصل علامہ ابن عاشور کی تفسیر ''التحریر والتنویر من التفسیر'' کے تعارف پر مشتمل ہے۔

باب دوم میں ابن عاشور کے تفسیری مقدمات (مقدمہ اولیٰ تا مقدمہ خامسہ) کی وضاحت کی گئی ہے۔ اس میں چار فصول ہیں، پہلی فصل میں علم تفسیر اور اس کے معاون علوم کی معرفت کے متعلق لکھا گیا۔ دوسری فصل میں تفسیر بالرائے کی حیثیت میں ابن عاشور کے منہج کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ تیسری فصل میں مقاصد قرآن کو بیان کیا گیا اور چوتھی فصل میں اسباب نزول کی معرفت کے متعلق تفصیلات ذکر کی گئی ہیں۔

باب سوم میں ابن عاشور کے تفسیری مقدمات (مقدمہ سادسہ تا مقدمہ عشرہ) کا بیان ہے اور یہ باب پانچ فصول پر مشتمل ہے۔ جن میں سے پہلی فصل میں علم قرأت میں ابن عاشور کا منہج استدلال زیر بحث لایا گیا، دوسری فصل میں قرآنی قصص کے قوائد و فوائد ذکر کیے گئے۔ تیسری فصل علوم آیات و سور پر مشتمل ہے۔ چوتھی فصل میں وجوہ الفاظ قرآنیہ کو بیان کیا گیا اور پانچویں اور آخری فصل میں اعجاز قرآن کی وضاحت کی گئی ہے۔

مقالہ کے آخر میں خلاصہ تحقیق اور مصادر و مراجع کو بیان کیا گیا ہے۔